# جامع ایڈمیشن گائیڈ

## یونیورسٹی آف ہوم اکنامکس لاہور کے امیدواروں کے لیے مکمل راہنمائی

یونیورسٹی آف ہوم اکنامکس لاہور میں داخلے کے آن لائن عمل کو آسان، شفاف اور قابل فہم بنانے کے لیے یہ مرحلہ وار راہنمائی فراہم کی جا رہی ہے۔ یاد رکھیں، یونیورسٹی میں داخلوں کے لیے صرف آن لائن درخواستیں وصول کی جائیں گی اور اس کے لیے یونیورسٹی آف ہوم اکنامکس لاہور کی آفیشل ویب سائٹ پر ایڈمیشن پورٹل قائم کر دیا گیا ہے، مذکورہ ایڈمیشن پورٹل میں اُمیدوار اپنے تمام تر کوائف درج کرنے کے پابند ہوں گے۔ نامکمل کوائف پر مبنی یا درکار دستاویزات آن لائن اپ لوڈ نہ کرنے کی صورت میں درخواست نامکمل تصور کی جائے گی اور اُمیدوار یونیورسٹی میں داخلے کے لیے اہل تصور نہیں ہو گا۔ ذیل میں آن لائن پورٹل پر اپلائی کرنے کی معلومات فراہم کی جا رہی ہیں ان معلومات کا مطالعہ کرنے کے بعد اُمیدوار ایڈمیشن پورٹل پر اپنی درخواست جمع کرا سکتے ہیں:

- **پہلا مرحلہ: درخواست گزار کی بنیادی معلومات**
  1. **فارم کی ابتدا میں**، آپ اپنی مکمل ذاتی معلومات فراہم کریں گے۔
  2. اگر آپ پاکستانی ہیں، یا کسی کوٹے کے تحت اپلائی کر رہے ہیں جیسے:
     - معذور افراد کا کوٹہ
     - اقلیتی کوٹہ
     - کھیلوں کا کوٹہ
     - صوبائی سیٹیں
     - فیکلٹی بیسڈ کوٹہ
     - غیر ملکی درخواست گزار
     - تو متعلقہ آپشنز کو "ٹک" کریں۔
- **دوسرا مرحلہ: تعلیمی تفصیلات (Academic Details) کی معلومات**

بی ایس ڈگری پروگرامز میں داخلوں کے لیے اپنی میٹرک یا انٹر میڈیٹ کی تمام معلومات جن میں بورڈ امتحان کا سال امتحانی سیشن حاصل کردہ نمبر اور کل نمبر شامل ہیں کا اندراج کریں۔

- **تیسرا مرحلہ: شریک نصابی (co-curricular) سرگرمیوں کی معلومات**
  1. اگر آپ کے پاس شریک نصابی سرگرمیوں میں حصہ لینے کا تجربہ ہے، جیسے:
     - مباحثہ
     - ڈرامہ
     - مصوری
     - کوئی اور ہنر یا ٹیلنٹ

تو اس کو لازماً درج کریں، یہ آپ کی ریزرو سیٹ کے لیے اہلیت ثابت کر سکتا ہے۔

- **چوتھا مرحلہ: پروگرام کی سلیکشن**
  1. یہاں آپ اپنی مطلوبہ ڈگری/پروگرام کا انتخاب کریں گے۔
  2. صرف وہ پروگرامز نظر آئیں گے جن کے لیے آپ اہل (eligible) ہوں گے۔
  3. ہر پروگرام کے ساتھ متعلقہ کوٹہ یا کیٹیگری منتخب کریں (ریگولر یا شریک نصابی)۔
- **پانچواں مرحلہ: دستاویزات کی اپ لوڈنگ**
  1. "اپ لوڈ ڈاکیومنٹ" والے سیکشن میں جائیں۔
  2. تمام مطلوبہ اسناد اور دستاویزات اسکین کر کے اپ لوڈ کریں:
     - شناختی کارڈ/ب فارم
     - تعلیمی اسناد
     - شریک نصابی سرگرمیوں کے ثبوت
     - متعلقہ کوٹے کے دستاویزی شواہد
     - ایفی ڈیویٹ (Affidavit) لازمی اپ لوڈ کریں
  3. صرف متعلقہ اور درست فائلز اپ لوڈ کریں۔

**نوٹ**: اگر کوئی غلط فائل اپ لوڈ ہو گئی ہو، تو آپ آخری تاریخ سے پہلے اسے درست کر سکتے ہیں۔ بصورت دیگر، تصحیح کے لیے باقاعدہ اپلیکیشن دینا ہو گی۔

- **چھٹا مرحلہ: فیس چالان کی تیاری**

1. تمام ڈاکیومنٹس اپ لوڈ کرنے کے بعد، "نیکسٹ" پر کلک کریں۔
2. آپ کے منتخب شدہ پروگرامز کے مطابق فیس کا چالان جنریٹ ہوگا۔

مثلاً: اگر آپ نے شریک نصابی بنیاد پر 3 پروگرام سلیکٹ کیے ہیں تو چالان میں وہ شامل ہوں گے۔

3. چالان ڈاؤن لوڈ اور پرنٹ کریں۔

- **ساتواں مرحلہ: بینک میں فیس جمع کرانا**

1. چالان پر پی ایس آئی ڈی جنریٹ ہوگا جس کے تحت فیس کی ادائیگی کی جا سکے گی
2. اُمیدوار بینک آف پنجاب، فرسٹ ویمن بینک اور موبائل پر KuickPay App کے ذریعے فیس ادا کر سکتے ہیں
3. چالان فیس کی ادائیگی کے بعد اُمیدوار کی درخواست یونیورسٹی ایڈمیشن پورٹل پر از خود مکمل ہو جائے گی

- **آٹھواں مرحلہ: حتمی درخواست اور پرنٹ**

1. تمام مراحل مکمل ہونے پر

آپ کی **مکمل درخواست** (Application Form) تیار ہو جائے گی۔

2. اس میں درج ہوں گے:
   - آپ کی ذاتی معلومات
   - تعلیمی ریکارڈ
   - پروگرام کی تفصیلات
   - شریک نصابی سرگرمیاں
   - کوٹے کی تفصیل
   - چالان کی تفصیل
3. **اس مکمل درخواست کو پرنٹ کرنے کے بعد اپنے پاس محفوظ رکھیں، یونیورسٹی کی میرٹ لسٹ میں آپ کا نام شامل ہونے کے بعد یہ درخواست یونیورسٹی میں جمع کرانا ہوگی اس سے پہلے یونیورسٹی کو درخواست بذریعہ کوریئر بھیجنے کی ضرورت نہیں ہے۔**
4. ایک پیج پر **Undertaking** بھی موجود ہوگا، جو داخلے کی شرائط و ضوابط کی تصدیق کے لیے ہے۔

- **نواں مرحلہ: ایڈمیشن پورٹل پر مزید اپڈیٹس**

داخلے کے بعد کی تمام معلومات اسی پورٹل پر آویزاں کی جاتی ہیں، جیسے:

- Eligibility List
- Test Scores
- Selection List
- Merit List
- Final Admission Confirmation

**ہمیشہ پورٹل پر لاگ اِن ہو کر اپنی اپڈیٹس چیک کرتے رہیں۔**

**یاد رکھیں:**

- داخلے کی درخواست صرف آن لائن مکمل ہوگی۔
- تمام مراحل وقت پر مکمل کریں۔
- دستاویزات درست اور اصل ہوں۔
- جعلی یا غلط معلومات دینے کی صورت میں داخلہ منسوخ ہو سکتا ہے۔

**معاونت کے لیے رابطہ کریں:**

**ایڈمیشن آفس**: یونیورسٹی آف ہوم اکنامکس لاہور

admissions@uhe.edu.pk

www.uhe.edu.pk

فون نمبر: 042-99263319